Informers, 14-10-2023

# اردو یونیورسٹی میں فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کا افتتاح

## پروفیسر اشتیاق احمد کا خطاب

حیدرآباد، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے زیر اہتمام اسسٹنٹ پروفیسرس کے لیے اڈوانسڈ پیڈاگوگیس (FDP on Advanced Pedagogies) پر دو ہفتہ طویل آن لائن فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کا کل افتتاح عمل میں آیا۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے اپنے خطاب میں کہا کہ مانو تعلیم و تدریس میں عمدگی کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہے۔ یہ پروگرام جو اساتذہ کو ایسے علم و فن سے آراستہ کرتا ہے جس کی انہیں ضرورت ہے۔ تعلیم و تدریس کے تئیں یونیورسٹی کے عزم کا اظہار بھی ہے۔ اس کے ذریعہ تدریس اور سیکھنے کے طریقوں میں نمایاں بہتری آئے گی جس سے ملک بھر کے طلباء کو فائدہ پہنچے گا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی افتتاحی اجلاس کے مہمان خصوصی تھے۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، مرکز نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ ڈاکٹر محمد یوسف خان، پرنسپل، مانو پالی ٹیکنیک حیدرآباد و کوآرڈینیٹر پروگرام نے شکریہ ادا کیا جبکہ ڈاکٹر مصباح انظر، اسسٹنٹ پروفیسر نے کاروائی چلائی۔ پروگرام کے انعقاد کا مقصد اساتذہ کو جدید تدریسی تکنیکوں اور حکمت عملیوں کے ذریعے بااختیار بنانا ہے۔

Informers, 14-10-2023

# حیدرآباد کی تہذیب میں محبت کا اثر مانو میں مکرم جاہ یادگاری خطبہ۔ علامہ اعجاز فرخ، پروفیسر عین الحسن و دیگر کے خطاب

حیدرآباد، حیدرآباد کی داستان ایک تہذیب کی داستان ہے، نہ حسنِ کشمیر ہے نہ صبح بنارس کی دلکش تصویر ہے بلکہ یہ ایک من موہنی تہذیب ہے۔ یہاں کی تہذیب میں محبت کا اثر ہے۔ دوسروں کو جگہ دینے کی خصوصیت زیادہ ہے۔ غدر کے بعد ہندوستان کے گوشے گوشے سے لوگ آئے۔ وہ اپنے ساتھ اپنی تہذیب لے کر آئے اور اس کے اثرات یہاں کی تہذیب و ثقافت پر واقع ہوئے جس کے باعث یہاں کی تہذیب مشترکہ تہذیب کا نمونہ بن گئی۔ یہاں کبھی بھی ذات پات، رنگ و نسل اور زبان کا جھگڑا نہیں رہا۔ حیدرآباد کا اپنا ڈاک نظام اور ریلوے تھا۔ اپنی کرنسی تھی، اپنی عدالت تھی، کوئی چیز انگریزوں کے تسلط کی نہیں تھی۔ ان خیالات کا اظہار حیدرآباد کے ممتاز دانشور علامہ اعجاز فرخ نے مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام کل منعقدہ مکرم جاہ بہادر یادگاری خطبہ پیش کرتے ہوئے کیا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔ علامہ نے مزید کہا کہ حیدرآباد کی ترقی کا آغاز میر محبوب علی خاں کے دور سے ہوتا ہے۔ چومحلہ پیلس مظفر الملک ناصر جنگ کے زمانے کا پیلیس ہے۔ اس کی مثال ایران میں بھی نہیں ملتی۔ اس کا ڈائننگ ٹیبل اتنا وسیع ہے جہاں 200 افراد کی گنجائش ہے۔ تہذیب و ثقافت اور علم و فنون کی ترویج و توسیع میر محبوب علی خاں کے زمانے میں بڑے پیمانے پر ہوئی۔ یہاں کا تعلیمی نظام میر محبوب علی خاں کا قائم کردہ ہے۔ لیکن ان کے بعد میر عثمان علی خاں کے دور میں بھی حیدرآباد کی بہت ترقی ہوئی۔ خصوصاً تعلیمی اعتبار سے یہاں بڑے بڑے کارنامے انجام دے گئے۔ مادری زبان میں تعلیم کا حصول اور جامعہ عثمانیہ میں دارالترجمہ کا قیام میر عثمان علی خاں کا کارنامہ ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن نے صدارتی خطاب میں کہا کہ میرا پہلا تعارف 1984ء میں حیدرآباد سے ہوا تھا جب میری ملاقات یہاں کے ایڈیٹرس اور اساتذہ سے ہوئی تھی۔ اس وقت روزنامہ منصف کے ایڈیٹر نے مجھے مدعو کیا تھا۔ گولکنڈہ کے ایک مشاعرے میں شرکت کی غرض سے میں یہاں آیا تھا۔ میرے کلام کو بہت پسند کیا گیا تھا۔ انہوں نے اس موقع پر اپنی غزل کا ایک شعر بھی سنایا جو اس وقت کے مشاعرے میں انھوں نے پڑھا تھا اور جس پر انہیں داد و تحسین سے نوازا گیا تھا۔ انھوں نے یہاں کی شاعری کی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میر نے ولی کا رنگ لیا۔ میر جب اپنی نزاکتوں میں الجھتے ہیں تو ولی کی طرف دیکھتے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جو بات یہاں کے "ہو" میں ہے وہ ہاں میں نہیں اور جو بات نکو اور نئیں میں ہے وہ "نہیں" میں نہیں۔ محترمہ اندرا دیوی دھن راجگیر نے اس خطبے میں آن لائن شرکت کی اور اس کامیاب پروگرام کے انعقاد کے لیے ذمہ داران پروگرام کو مبارکباد پیش کی۔ مہمان خصوصی جناب شاہد حسین زبیری نے مکرم جاہ بہادر کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات اور ہم کاری کا خصوصی طور پر ذکر کیا اور کہا کہ مکرم جاہ کی جو شخصیت ہے انہیں میں مرحوم کہہ ہی نہیں سکتا۔ انھوں نے مکرم جاہ ایجوکیشنل ٹرسٹ قائم کیا تھا۔ اس کی مالیت اس دور میں نظام چیریٹیبل ٹرسٹ سے بہت زیادہ تھی۔ آج متعدد تعلیمی ادارے اس ٹرسٹ کے زیر پرستی چل رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مکرم جاہ جیسی شخصیت پیدا ہونا مشکل ہے۔ جلسے کا آغاز جناب محمد طیب قاسمی، ریسرچ اسکالر مرکز مطالعات اردو ثقافت کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات نے استقبالیہ کلمات پیش کیے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ڈائرکٹر مرکز نے کارروائی چلائی۔ اس موقع پر پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی کی دو تصانیف "عشرت کدۂ آفاق: چندو لعل شادان" اور "دفتر عشق: کلیاتِ ماہ لقا چندا" کی شیخ الجامعہ کے ہاتھوں رسم رونمائی انجام دی گئی۔ علاوہ ازیں مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت کے زیر اہتمام شائع ہونے والے جریدے "ادب و ثقافت" شمارہ نمبر 17 کا بھی اجرا عمل میں آیا۔ ڈاکٹر احمد خان، ایسوسی ایٹ پروفیسر، مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت کے شکریہ پر پروگرام کا اختتام عمل میں آیا۔

Informers, 14-10-2023

# اردو میں خواتین کے علمی و ادبی کارنامے ہندوستان کا عظیم تہذیبی سرمایہ

## مانو میں دو روزہ قومی کانفرنس کا افتتاح۔ پروفیسر سید عین الحسن' وائس چانسلر اور دیگر کا خطاب

حیدرآباد: ہندوستان کی دیگر زبانوں کی طرح اردو میں بھی خواتین نے اپنی تحریروں کے ذریعے علمی و ادبی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ انھوں نے تمام اصناف ادب میں اپنے تجربات و مشاہدات کو رقم کر کے اردو کے سرمایہ کو مالا مال کیا ہے۔ زبان و ادب کے فروغ کے ساتھ ساتھ ہندوستان کی معاشرتی اور تہذیبی زندگی کو مستحکم کرنے میں ان کے کارنامے قابلِ قدر ہیں۔ انھیں ہم ہندوستان کا عظیم تاریخی و تہذیبی سرمایہ قرار دے سکتے ہیں۔ ہمیں یہ محاسبہ کرنے کی ضرورت ہے کہ ہم نے خواتین کی صلاحیتوں کو پروان چڑھنے کا کتنا موقع دیا۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر 2 روزہ قومی کانفرنس بہ عنوان "اردو اور دکن میں خواتین کی تحریریں و ادبی ثقافتیں: عصری منظر نامہ" کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ یہ کانفرنس، شعبہ تعلیم نسواں' اردو یونیورسٹی' انولیشی ریسرچ سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز اور محکمہ لسانیات و ثقافت، حکومتِ تلنگانہ کے اشتراک سے 10 اور 11 اکتوبر کو منعقد کی جارہی ہے۔ پروفیسر اشرف رفیع' سابق صدر شعبہ اردو، عثمانیہ یونیورسٹی نے مخاطب کرتے ہوئے ریاستِ تلنگانہ اور دکن کی عظیم ثقافت پر روشنی ڈالی اور خواتین کے اردو کارناموں کو خراج تحسین پیش کیا۔ جبکہ مہمان اعزازی کے طور پر پروفیسر سوسی تھارو' سابق صدر، شعبہ مطالعاتِ ثقافت، ایفلو، حیدرآباد نے صحت کی ناسازی کے باعث ویڈیو پیغام بھیجا۔ پروفیسر شہناز نبی، سابق صدر شعبہ اردو و ڈائرکٹر' اقبال چیر، کلکتہ یونیورسٹی نے کلیدی خطبہ پیش کیا۔ انھوں نے مختلف اصناف ادب کے حوالے سے نسائی ادب کی انفرادیت کے ساتھ ساتھ عصری منظر نامہ کا بھرپور جائزہ پیش کیا اور اس بات پر زور دیا کہ خواتین کے ادب کی تاریخ مرتب کرنے کے لیے اداروں کو آگے آنے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر آمنہ تحسین، صدر شعبہ تعلیمِ نسواں نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انھوں نے اپنے خطاب میں نسائی ادب کی اہمیت اور اس پر تحقیق و ترتیب و اشاعت کی طرف توجہ دلائی۔ انھوں نے بتایا کہ کانفرنس میں شرکت کے لیے ملک کے مختلف شہروں کے علاوہ تلنگانہ کی یونی ورسٹیز کے اساتذہ، محققین، نقاد، مترجم اور آرکائیوز کے ماہرین تشریف لائے ہیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر اسماء رشید' اسوسی ایٹ پروفیسر' شعبہ انگریزی' ایفلو و سکریٹری' انولیشی ریسرچ سنٹر نے کانفرنس کا مکمل تعارف اور اغراض و مقاصد پیش کیے۔ ڈاکٹر شبانہ کیسر، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ تعلیمِ نسواں نے کارروائی چلائی۔ کانفرنس میں مندوبین کے علاوہ معززین شہر، اساتذہ اور طلبہ کی کثیر تعداد موجود تھی۔

Informers, 14-10-2023

# مانو میں تدریس اساتذہ کے نئے افق پر کانفرنس کا انعقاد پروفیسر چاند کرن سلوجا و دیگر کے خطاب۔ آئی ٹی ای پی کورس کا افتتاح

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، اسکول برائے تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام کل 4 سالہ انٹیگریٹیڈ ٹیچر ایجوکیشن پروگرام (آئی ٹی ای پی) پروگرام کے آغاز کے موقع پر "تدریس اساتذہ کے نئے افق کی پیشکش: چیلنج و امکانات" کے زیر عنوان پر ایک روزہ کانفرنس کا انعقاد عمل میں آیا۔ مہمان خصوصی، پروفیسر چاند کرن سلوجا نے زبان کی رکاوٹوں اور تعمیری نقطہ نظر (این سی ایف-2005) کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے مزید اس حقیقت پر زور دیا کہ 4 سالہ آئی ٹی ای پی پروگرام اساتذہ کو چار مراحل کے لیے تیار کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یعنی این ای پی 2020 کے نئے اسکول ڈھانچے کے مطابق فاؤنڈیشنل، پریپریٹری، مڈل اور ثانوی مراحل۔ انہوں نے اس بات کا بھی اعادہ کیا کہ اس کورس کو مکمل کرنے والے طلبہ، ہندوستانی اقدار، زبانوں، علم، اخلاقیات، قبائلی روایت پر مبنی ہوں گے اور تعلیم اور تدریس میں جدید ترین پیشرفت سے بھی اچھی طرح واقف ہوں گے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر مانو، نے اپنے صدارتی خطاب میں اساتذہ کے باہمی تعاون کے جذبے پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر محمد مشاہد نے شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے آئی ٹی ای پی کے آغاز کے لیے کی گئی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی I نے دیگر شعبہ جات کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کی۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، او ایس ڈی II نے اساتذہ کے اہم کردار اور اکیسویں صدی میں اساتذہ کی تعلیم کے نصاب کو تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا جو این ای پی 2020 کے اقدامات سے ہم آہنگ ہے۔ پروفیسر ونجا۔ ایم، ڈین نے آئی ٹی ای پی کا جائزہ پیش کیا اور کمیٹی اراکین اور تمام شعبہ جات کے صدور و ڈین کی مخلصانہ خدمات کا اعتراف کیا۔ پروفیسر شاہین الطاف شیخ، صدر شعبہ نے مانو میں آئی ٹی ای پی کے اجراء کے موقع پر استقبال کیا۔ افتتاحی سیشن کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ پینل مباحثہ میں ممتاز ماہرین تعلیم پروفیسر مدھوسودن جے وی، ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ایجوکیشن ٹیکنالوجی، یونیورسٹی آف حیدرآباد، ڈاکٹر پی شنکر، فیکلٹی، اسکول آف ایجوکیشن، عثمانیہ یونیورسٹی، پروفیسر سرینواس راؤ، ڈین، اندرا مہندرا اسکول آف ایجوکیشن، مہندرا یونیورسٹی اور پروفیسر گھنٹہ رمیش اعزازی پروفیسر، نظامت فاصلاتی تعلیم شریک تھے۔ پروفیسر اشتیاق احمد نے اختتامی خطاب کیا اور پروفیسر وقار النساء نے شکریہ ادا کیا۔ انتظامی ٹیم کی قیادت پروفیسر محمد مشاہد کر رہے تھے۔ ڈاکٹر اشونی، کوآرڈینیٹر اور ڈاکٹر وی ایس سومی، شریک کوآرڈینیٹر تھے۔ اساتذہ ڈاکٹر رفیع محمد، ڈاکٹر فردوس تبسم، ڈاکٹر صمد تھوڑے وڈکیل، ڈاکٹر جرار احمد، ڈاکٹر اشرف نواز، ڈاکٹر ام سلمٰی اور ڈاکٹر پروین کمار نے بھی انتظامات میں حصہ لیا۔

ROZNAMA AL HAYAT Ranchi Saturday 14-10-2023

# مانو اور اردو سے وابستگی طلبہ کے لیے باعثِ افتخار

## ای گورننس پر ورکشاپ۔ پروفیسر عین الحسن، ڈاکٹر سنتوش پانڈے ودیگر کے خطاب



**الحیات نیوز سرویس**

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے لڑکوں لڑکیوں کے 40:60 تناسب کے ذریعہ صنفی مساوات جیسے اہم معاملے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ اردو یونیورسٹی اور اردو سے وابستگی نے ہمارے طلبہ کو امکان اور امتیاز کے اعزاز سے سرفراز کیا ہے۔ وزارت الیکٹرانکس و انفارمیشن ٹیکنالوجی (مائٹی)، حکومت ہند نے ہمیں کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کا شعبہ قائم کرنے میں تعاون دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے آج سنٹر فار ڈیولپمنٹ آف اڈوانس کمپیوٹنگ (C-DAC)، پونے کے زیر اہتمام الیکٹرانک حکمرانی (e-Governance) کے معیارات و رہنمایانہ خطوط پر شعبہ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی، مانو میں شعور بیداری ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ پروفیسر عین الحسن نے سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر عبدالکلام آزاد کا قول دہرایا کہ "اطلاعات کا دور گزر چکا۔ آج کا دور تجزیہ کا دور ہے۔" مہمان اعزازی ڈاکٹر سنتوش کے پانڈے، اڈیشنل ڈائرکٹر / سائنٹسٹ ای، مائٹی نے ڈیجیٹل حکمرانی پر مبنی حکومت ہند کے مختلف پراجیکٹس پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اختراع ہی کلید ہے۔ انسانی سوچ کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس لیے طلبہ کی اسٹارٹ اپس کے لیے اور اساتذہ کی مقالوں کی تیاری، پیٹنٹس کے لیے حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پورٹلس تیار کیے جانے چاہیے جن سے ہر طرح کے لوگ آسانی سے استفادہ کرسکیں۔ انہوں نے شعبہ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی میں "رسائیت اور معیاریت" پر اختیاری مضمون پڑھانے کا مشورہ دیا۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے طلبہ کی تکنیکی سرگرمیوں وای حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے فروغ میں سرگرم حصہ لینے کے لیے حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے پروگرام کے انعقاد کے لیے شعبہ کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے خیر مقدم کیا۔ جناب کریم اللہ شیخ، سینئر ڈائرکٹر، سی ڈاک نے بھی خطاب کیا۔ جناب ہیمنت کھوگتا، جوائنٹ ڈائرکٹر سی ڈاک نے بھی شکریہ ادا کیا۔ کمپیوٹر سائنس شعبہ کے 200 طلبہ و والینٹرس ورکشاپ میں حصہ لے رہے ہیں۔ محترمہ افرح فاطمہ، اسٹنٹ پروفیسر نے کارروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

ROZNAMA AL HAYAT Ranchi Saturday 14-10-2023



# مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ کا آغاز

الحیات نیوز سروس

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت جسمانی تعلیم و کھیل کود کے زیر اہتمام مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ 2023-24 کا کل شام پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ یہ ٹورنمنٹ یکم نومبر تک جاری رہے گا۔ اس ٹورنمنٹ میں 100 میٹر کی دوڑ، شاٹ پٹ، شطرنج، کیرم بورڈ، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، کرکٹ، والی بال شامل ہیں۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مہمانِ اعزازی تھے۔ جناب سنیل کمار، ڈی جی ایم، ریجنل آفس، رنگا ریڈی، کنارا بینک؛ پروفیسر محمد عبدالعظیم، صدر نشین، گیمس اینڈ اسپورٹس کمیٹی؛ ڈاکٹر محمد یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک؛ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت؛ اسسٹنٹ ڈائرکٹرس، اسسٹنٹ پروفیسر، کوچیس اور مختلف تدریسی و غیر تدریسی عملہ کے اراکین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

Aadab Telangana, 14-10-2023

# مانو اور اردو سے وابستگی طلبہ کے لیے باعثِ افتخار

## ای گورننس پر ورکشاپ۔ پروفیسر عین الحسن، ڈاکٹر سنتوش پانڈے و دیگر کے خطاب




حیدرآباد، 13/اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے لڑکوں، لڑکیوں کے 40:60 تناسب کے ذریعہ صنفی مساوات جیسے اہم معاملے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ اردو یونیورسٹی اور اردو سے وابستگی نے ہمارے طلبہ کو امکان اور امتیاز کے اعزاز سے سرفراز کیا ہے۔ وزارت الیکٹرنکس و انفارمیشن ٹیکنالوجی (مائٹی)، حکومت ہند نے ہمیں کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کا شعبہ قائم کرنے میں تعاون دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے آج سنٹر فار ڈیولپمنٹ آف اڈوانس کمپیوٹنگ (C-DAC)، پونے کے زیر اہتمام الکٹرانک حکمرانی (e-Governance) کے معیارات ورہنمایانہ خطوط پر شعبۂ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی، مانو میں شعور بیداری ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ پروفیسر عین الحسن نے سابق صدر جمہوریۂ ہند ڈاکٹر عبدالکلام آزاد کا قول دہرایا کہ ”اطلاعات کا دور گزر چکا۔ آج کا دور تجزیہ کا دور ہے۔“ مہمانِ اعزازی ڈاکٹر سنتوش کے پانڈے، ایڈیشنل ڈائرکٹر / سائنٹسٹ 'ای'، مائٹی نے ڈیجیٹل حکمرانی پر مبنی حکومت ہند کے مختلف پراجیکٹس پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اختراع ہی کلید ہے۔ انسانی سوچ کی کوئی حد نہیں ہے۔اس لیے طلبہ کی اسٹارٹ اپس کے لیے اور اساتذہ کی مقالوں کی تیار، پیٹنٹس کے لیے حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پورٹلس تیار کیے جانے چاہیے جن سے ہر طرح کے لوگ آسانی سے استفادہ کرسکیں۔ انہوں نے شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی میں ”رسائیت اور معیاریت“ پر اختیاری مضمون پڑھانے کا مشورہ دیا۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے طلبہ کی تکنیکی سرگرمیوں وای حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے فروغ میں سرگرم حصہ لینے کے لیے حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے پروگرام کے انعقاد کے لیے شعبہ کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے خیر مقدم کیا۔ جناب کریم اللہ شیخ، سینئر ڈائرکٹر، سی ڈاک نے بھی خطاب کیا۔ جناب ہیمنت کھوگتا، جوائنٹ ڈائرکٹر سی ڈاک نے بھی شکریہ ادا کیا۔ کمپیوٹر سائنس شعبہ کے 200 طلبہ و والینٹرس ورکشاپ میں حصہ لے رہے ہیں۔

ہمیشہ آپ کے ساتھ
لازوال
aturday 14 October 2023

# مانو اور اردو سے وابستگی طلبہ کے لیے باعثِ افتخار

## ای گورننس پر ورکشاپ۔ پروفیسر عین الحسن، ڈاکٹر سنتوش پانڈے و دیگر کے خطاب

لازوال ڈیسک

حیدرآباد/// مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے لڑکوں ، لڑکیوں کے 60 : 40 تناسب کے ذریعہ صنفی مساوات جیسے اہم معاملے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ اردو یونیورسٹی اور اردو سے وابستگی نے ہمارے طلبہ کو امکان اور امتیاز کے اعزاز سے سرفراز کیا ہے۔ وزارت الیکٹرانکس و انفارمیشن ٹیکنالوجی (مائٹی)، حکومت ہند نے ہمیں کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کا شعبہ قائم کرنے میں تعاون دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے آج سنٹر فار ڈیولپمنٹ آف اڈوانس کمپیوٹنگ (C-DAC)، پونے کے زیر اہتمام الکٹرانک حکمرانی (e-Governance) کے معیارات و رہنمایانہ خطوط پر شعبۂ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی، مانو میں شعور بیداری ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ پروفیسر عین الحسن نے سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر عبدالکلام آزاد کا قول دہرایا کہ ''اطلاعات کا دور گزر چکا۔ آج کا دور تجزیہ کا دور ہے۔'' مہمانِ اعزازی ڈاکٹر سنتوش کے پانڈے، ایڈیشنل ڈائرکٹر/ سائنٹسٹ 'ای'، مائٹی نے ڈیجیٹل حکمرانی پر مبنی حکومت ہند کے مختلف پراجکٹس پر



روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اختراع ہی کلید ہے۔ انسانی سوچ کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس لیے طلبہ کی اسٹارٹ اپس کے لیے اور اساتذہ کی مقالوں کی تیاری، پیٹنٹس کے لیے حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پورٹلس تیار کیے جانے چاہیے جن سے ہر طرح کے لوگ آسانی سے استفادہ کرسکیں۔ انہوں نے شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی میں ''رسائیت اور معیاریت'' پر اختیاری مضمون پڑھانے کا مشورہ دیا۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے طلبہ کی تکنیکی سرگرمیوں وای حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے فروغ میں سرگرم حصہ لینے کے لیے حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے پروگرام کے انعقاد کے لیے شعبہ کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے خیر مقدم کیا۔ جناب کریم اللہ شیخ، سینئر ڈائرکٹر، سی ڈاک نے بھی خطاب کیا۔ جناب ہیمنت کھوٹا، جوائنٹ ڈائرکٹر سی ڈاک نے بھی شکریہ ادا کیا۔ کمپیوٹر سائنس شعبہ کے 200 طلبہ و والینٹرس ورکشاپ میں حصہ لے رہے ہیں۔ محترمہ افرح فاطمہ، اسسٹنٹ پروفیسر نے کارروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

The Daily LAZAWAL, Jammu 14-10-2023

# مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ کا آغاز



**لازوال ڈیسک**

حیدرآباد،،،،مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت جسمانی تعلیم و کھیل کود کے زیر اہتمام مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ 2023-24 کا کل شام پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ یہ ٹورنمنٹ یکم رنومبر تک جاری رہے گا۔اس ٹورنمنٹ میں100 میٹر کی دوڑ، شاٹ پٹ، شطرنج، کیرم بورڈ، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، کرکٹ، والی بال شامل ہیں۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مہمانِ اعزازی تھے۔ جناب سنیل کمار، ڈی جی ایم، ریجنل آفس، رنگاریڈی، کنارا بینک؛ پروفیسر محمد عبدالعظیم، صدرنشین، گیمس اینڈ اسپورٹس کمیٹی؛ ڈاکٹر محمد یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک؛ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت؛ اسسٹنٹ ڈائرکٹرس، اسسٹنٹ پروفیسر، کوچیس اور مختلف تدریسی و غیر تدریسی عملہ کے اراکین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

Sada e Hussaini, 14-10-2023

# مانو اور اردو سے وابستگی طلبہ کے لیے باعث افتخار

## ای گورننس پر ورکشاپ۔ پروفیسر عین الحسن، ڈاکٹر سنتوش پانڈے و دیگر کے خطاب



حیدرآباد،13/ اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے لڑکوں، لڑکیوں کے 60:40 تناسب کے ذریعہ صنفی مساوات جیسے اہم معاملے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ اردو یونیورسٹی اور اردو سے وابستگی نے ہمارے طلبہ کو امکان اور امتیاز کے اعزاز سے سرفراز کیا ہے۔ وزارت الیکٹرانکس و انفارمیشن ٹیکنالوجی (مائٹی)، حکومت ہند نے ہمیں کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کا شعبہ قائم کرنے میں تعاون دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے آج سنٹر فار ڈیولپمنٹ آف اڈوانس کمپیوٹنگ (C-DAC)، پونے کے زیر اہتمام الکٹرانک حکمرانی (e-Governance) کے معیارات و رہنمایانہ خطوط پر شعبۂ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی، مانو میں شعور بیداری ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ پروفیسر عین الحسن نے سابق صدر جمہوریۂ ہند ڈاکٹر عبدالکلام آزاد کا قول دہرایا کہ ''اطلاعات کا دور گزر چکا۔ آج کا دور تجزیہ کا دور ہے۔'' مہمانِ اعزازی ڈاکٹر سنتوش کے پانڈے، ایڈیشنل ڈائرکٹر/ سائنٹسٹ 'ای'، مائٹی نے ڈیجیٹل حکمرانی پر مبنی حکومت ہند کے مختلف پراجیکٹس پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اختراع ہی کلید ہے۔ انسانی سوچ کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس لیے طلبہ کی اسٹارٹ اپس کے لیے اور اساتذہ کی مقالوں کی تیار، پیٹنٹس کے لیے حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پورٹلس تیار کیے جانے چاہیے جن سے ہر طرح کے لوگ آسانی سے استفادہ کرسکیں۔ انہوں نے شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی میں ''رسائیت اور معیاریت'' پر اختیاری مضمون پڑھانے کا مشورہ دیا۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے طلبہ کی تکنیکی سرگرمیوں وای حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے فروغ میں سرگرم حصہ لینے کے لیے حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے پروگرام کے انعقاد کے لیے شعبہ کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے خیر مقدم کیا۔ جناب کریم اللہ شیخ، سینئر ڈائرکٹر، سی ڈاک نے بھی خطاب کیا۔ جناب ہیمنت کھوگتا، جوائنٹ ڈائرکٹر سی ڈاک نے بھی شکریہ ادا کیا۔ کمپیوٹر سائنس شعبہ کے 200 طلبہ و والینٹرس ورکشاپ میں حصہ لے رہے ہیں۔ محترمہ افرح فاطمہ، اسسٹنٹ پروفیسر نے کارروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

Sada e Hussaini, 14-10-2023

# مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ کا آغاز

حیدرآباد، 13/اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت جسمانی تعلیم وکھیل کود کے زیراہتمام مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ 24-2023 کا کل شام پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ یہ ٹورنمنٹ یکم رنومبر تک جاری رہے گا۔ اس ٹورنمنٹ میں 100 میٹر کی دوڑ، شاٹ پٹ، شطرنج، کیرم بورڈ، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، کرکٹ، والی بال شامل ہیں۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مہمانِ اعزازی تھے۔ جناب سنیل کمار، ڈی جی ایم، ریجنل آفس، رنگاریڈی، کنارا بینک؛ پروفیسر محمد عبدالعظیم، صدر نشین، گیمس اینڈ اسپورٹس کمیٹی؛ ڈاکٹر محمد یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک؛ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت؛ اسسٹنٹ ڈائرکٹرس، اسسٹنٹ پروفیسر، کوچیس اور مختلف تدریسی وغیر تدریسی عملہ کے اراکین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

STANDARD POST, 14-10-2023

# Innovation is key : Dr. Santosh Pandey



**(Standard Post Bureau)**

Hyderabad, Oct 13 :"Innovation is key, there is no limit to human brain", students must be encouraged for start-ups and faculty for publications and patents, said Dr. Santosh K Pandey, Additional Director/Scientist-'E', Ministry of Electronics and Information Technology (MEITY), GOI today in the inaugural of the workshop on "E-Governance Standards and Guidelines" organized by Centre for Development of Advanced Computing (C-DAC) at Department of Computer Science & Information Technology, Maulana Azad National Urdu University (MANUU). He was speaking as the Guest of Honour. Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor presided over.

200 students and volunteers participated in this workshop.

Dr. Santosh K Pandey emphasised the importance of API to achieve interoperability, capturing the audience's attention with his visionary insights. He shed light on various Digital Governance projects implemented by the government. User friendly Portals must be developed. The department should add "Accessibility and Standardization" as an Elective course, suggested Dr. Santosh.

Prof. Syed Ainul Hasan in his addresses stated the being MANUUites, Urdu has given us the idea of distinctiveness and possibilities. MANUU has reached 40:60 ratio of girls and boys which is a great achievement in terms of Gender Equality. He asked for support from MeitY to provide facility, equipment and background for the development of CS&IT department.

Prof. Ishtiaque Ahmed, Registrar and Mr. Hemant Khogta, Director, C-DAC also addressed on the occasion. Mr. Karimullah Shaik, Senior Director-AAI, C-DAC Pune, delivered a comprehensive overview of the workshop on e-Governance Standards and Guidelines. Prof. Abdul Wahid, Dean, School of Technology delivered the welcome address.

STANDARD POST,
14-10-2023

# Staff tournament inaugurated at MANUU

**(Standard Post Bureau)**

Hyderabad, Oct 13 :The Directorate of Physical Education & Sports, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is organizing Maulana Azad Staff Tournaments 2023-24 for Teaching & Non-Teaching including contractual staff-Men & Women of MANUU Campus.

Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor was the Chief Guest and Prof. Ishtiaque Ahmed, Registrar was the Guest of Honor for the inaugural function held Thursday evening. Sri.Sunil Kumar. S, DGM, Regional Office, Rangareddy, Canara Bank, Prof. Mohammed Abdul Azeem, Chairman (Games & Sports Committee), Dr. Md. Yousuf Khan, Principal Polytechnic, Dr. A Kaleemullah, Deputy Director, DPE & Sports, the Assistant Directors - DPE&S, Assistant Professor in Physical Education and Coaches of MANUU attended. The competitions will be held for 100 mtrs Run, Shot Put, Chess, Carrom, Table Tennis, Badminton, Cricket, Volleyball. Large number of Teaching & Non-Teaching staff, Students were also present. The tournament will continue till 01st November 2023.

Urdu Action, 14-10-2023

# مانو اور اردو سے وابستگی طلبہ کے لیے باعثِ افتخار

## ای گورننس پر ورکشاپ۔ پروفیسر عین الحسن، ڈاکٹر سنتوش پانڈے و دیگر کے خطاب



حیدرآباد، 13/ اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے لڑکوں، لڑکیوں کے 40:60 تناسب کے ذریعہ صنفی مساوات جیسے اہم معاملے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ اردو یونیورسٹی اور اردو سے وابستگی نے ہمارے طلبہ کو امکان اور امتیاز کے اعزاز سے سرفراز کیا ہے۔ وزارت الیکٹرانکس و انفارمیشن ٹیکنالوجی (مائٹی)، حکومت ہند نے ہمیں کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی کا شعبہ قائم کرنے میں تعاون دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے آج سنٹر فار ڈیولپمنٹ آف اڈوانس کمپیوٹنگ (C-DAC)، پونے کے زیر اہتمام الکٹرانک حکمرانی (e-Governance) کے معیارات و رہنمایانہ خطوط پر شعبۂ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی، مانو میں شعور بیداری ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ پروفیسر عین الحسن نے سابق صدر جمہوریۂ ہند ڈاکٹر عبدالکلام آزاد کا قول دہرایا کہ ''اطلاعات کا دور گزر چکا۔ آج کا دور تجزیہ کا دور ہے۔'' مہمانِ اعزازی ڈاکٹر سنتوش کے پانڈے، ایڈیشنل ڈائرکٹر / سائنٹسٹ 'ای'، مائٹی نے ڈیجیٹل حکمرانی پر مبنی حکومت ہند کے مختلف پراجیکٹس پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اختراع ہی کلید ہے۔ انسانی سوچ کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس لیے طلبہ کی اسٹارٹ اپس کے لیے اور اساتذہ کی مقالوں کی تیار، پیٹنٹس کے لیے حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پورٹلس تیار کیے جانے چاہیے جن سے ہر طرح کے لوگ آسانی سے استفادہ کرسکیں۔ انہوں نے شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی میں ''رسائیت اور معیاریت'' پر اختیاری مضمون پڑھانے کا مشورہ دیا۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے طلبہ کی تکنیکی سرگرمیوں و ای حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے فروغ میں سرگرم حصہ لینے کے لیے حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے پروگرام کے انعقاد کے لیے شعبہ کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے خیر مقدم کیا۔ جناب کریم اللہ شیخ، سینئر ڈائرکٹر، سی ڈاک نے بھی خطاب کیا۔ جناب ہیمنت کھوگتا، جوائنٹ ڈائرکٹر سی ڈاک نے بھی شکریہ ادا کیا۔ کمپیوٹر سائنس شعبہ کے 200 طلبہ و والینٹرس ورکشاپ میں حصہ لے رہے ہیں۔ محترمہ افرح فاطمہ، اسسٹنٹ پروفیسر نے کارروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

Urdu Action, 14-10-2023

# مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ کا آغاز



حیدرآباد، 13/ اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت جسمانی تعلیم و کھیل کود کے زیر اہتمام مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ 2023-24 کا کل شام پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ یہ ٹورنمنٹ یکم نومبر تک جاری رہے گا۔ اس ٹورنمنٹ میں 100 میٹر کی دوڑ، شاٹ پٹ، شطرنج، کیرم بورڈ، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، کرکٹ، والی بال شامل ہیں۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مہمانِ اعزازی تھے۔ جناب سنیل کمار، ڈی جی ایم، ریجنل آفس، رنگا ریڈی، کنارا بینک؛ پروفیسر محمد عبدالعظیم، صدر نشین، گیمس اینڈ اسپورٹس کمیٹی؛ ڈاکٹر محمد یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک؛ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت؛ اسسٹنٹ ڈائرکٹرس، اسسٹنٹ پروفیسر، کوچیس اور مختلف تدریسی و غیر تدریسی عملہ کے اراکین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

# "Innovation is key," Dr. Santosh Pandey, MANUU holds workshop on E-Governance

By Voiceup Media Oct 14, 2023



Hyderabad: "Innovation is key, there is no limit to human brain", students must be encouraged for start-ups and faculty for publications and patents," said Dr. Santosh K Pandey, Additional Director, Scientist-'E', Ministry of Electronics and Information Technology (MEITY), GOI in the inaugural of the workshop on "E-Governance Standards and Guidelines" organized by Centre for Development of Advanced Computing (C-DAC) at Department of Computer Science & Information Technology, Maulana Azad National Urdu University (MANUU).

He was speaking as the Guest of Honour. Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor presided over. 200 students and volunteers participated in this workshop.

Dr. Santosh K Pandey emphasised the importance of API to achieve interoperability, capturing the audience's attention with his visionary insights.

He threw light on various Digital Governance projects implemented by the government.

"User friendly Portals must be developed. The department should add "Accessibility and Standardization" as an Elective course," suggested Dr. Santosh.

Prof. Syed Ainul Hasan said that the being MANUUites, Urdu has given us the idea of distinctiveness and possibilities. MANUU has reached 40:60 ratio of girls and boys which is a great achievement in terms of Gender Equality. He asked for support from MeitY to provide facility, equipment and background for the development of CS&IT department.

Prof. Ishtiaque Ahmed, Registrar and Mr. Hemant Khogta, Director, C-DAC also addressed on the occasion. Mr. Karimullah Shaik, Senior Director-AAI, C-DAC Pune, delivered a comprehensive overview of the workshop on e-Governance Standards and Guidelines.

Prof. Abdul Wahid, Dean, School of Technology delivered the welcome address.

Ms. Afrah Fathima, Assistant Professor convened the inaugural session and Mr Hemant Khogta, Joint Director, C-DAC, Pune proposed vote of thanks.

# Staff tournament inaugurated at MANUU

The Directorate of Physical Education & Sports, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is organizing Maulana Azad Staff Tournaments 2023-24 for Teaching & Non-Teaching including contractual staff-Men & Women of MANUU Campus.




Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor was the Chief Guest and Prof. Ishtiaque Ahmed, Registrar was the Guest of Honor for the inaugural function held on Thursday evening. Sri.Sunil Kumar. S, DGM, Regional Office, Rangareddy, Canara Bank, Prof. Mohammed Abdul Azeem, Chairman (Games & Sports Committee), Dr. Md. Yousuf Khan, Principal Polytechnic, Dr. A Kaleemullah, Deputy Director, DPE & Sports, the Assistant Directors – DPE&S, Assistant Professor in Physical Education and Coaches of MANUU attended.

The competitions will be held for 100 mtrs Run, Shot Put, Chess, Carrom, Table Tennis, Badminton, Cricket, Volleyball.

Large number of Teaching & Non-Teaching staff, Students were also present. The tournament will continue till 01st November 2023.

SAKSHI 14 OCT 2023

## 'మనూ'లో స్టాఫ్ టోర్నీ-2023

రాయదుర్గం: మనూ విశ్వవిద్యాలయంలో శుక్రవారం 'స్టాఫ్ టోర్న మెంట్-2023 సందడిగా ప్రారంభమైంది. పోటీలను వైస్‌చాన్స్‌లర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ ప్రారంభించారు. ఈ సందర్భంగా ఆయన మాట్లాడుతూ ప్రతి ఒక్కరిలోనూ క్రీడల పట్ల ఆసక్తిని పెంచేందుకు క్రీడోత్సవాలను ఏర్పాటు చేశామన్నారు. ఈ సందర్భంగా 100 మీటర్ల పరుగు, షాట్‌పుట్, చెస్, క్యారమ్, టేబుల్ టెన్నిస్, బ్యాడ్మింటన్, క్రికెట్, వాలీబాల్ వంటి క్రీడా పోటీలను నిర్వహిస్తున్నారు. నవంబర్ 1 వరకు సాగే ఈ టోర్నమెంట్‌లో పెద్ద సంఖ్యలో టీచింగ్, నాన్ టీచింగ్ స్టాఫ్ పోటీ పడుతున్నారు. కార్యక్రమంలో యూనివర్శిటీ రిజిస్ట్రార్ ప్రొఫెసర్ ఇస్తియాక్ అహ్మద్, కెనరా బ్యాంక్ డీజీఎం సునీల్ కుమార్, యూనివర్శిటీ గేమ్స్, స్పోర్ట్స్ కమిటీ చైర్మన్ ప్రొ.మహ్మద్ అబ్దుల్ అజీమ్, పాలిటెక్నిక్ ప్రిన్సిపల్ డాక్టర్ మహ్మద్ యూసుఫ్‌ఖాన్, డిప్యూటీ డైరెక్టర్ డీపీఈ డాక్టర్ ఏ కలీముల్లా, ఫిజికల్ డైరెక్టర్లు, విద్యార్థులు పాల్గొన్నారు.

منصف 15 OCT 2023

## مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ کا آغاز



حیدرآباد۔14 اکتوبر (پریس نوٹ)
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نظامت جسمانی تعلیم وکھیل کود کے زیر اہتمام مولانا آزاد اسٹاف ٹورنمنٹ 24-2023 کا پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ یہ ٹورنمنٹ یکم نومبر تک جاری رہے گا۔ اس ٹورنمنٹ میں 100 میٹر کی دوڑ، شاٹ پٹ، شطرنج، کیرم بورڈ، ٹیبل ٹینس، بیاڈمنٹن، کرکٹ، والی بال شامل ہیں۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مہمان اعزازی تھے۔ سنیل کمار، ڈی جی ایم، ریجنل آفس، رنگا ریڈی، کنارا بینک' پروفیسر محمد عبدالعظیم، صدرنشین، گیمس اینڈ اسپورٹس کمیٹی' ڈاکٹر محمد یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک' ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامت' اسسٹنٹ ڈائرکٹرس، اسسٹنٹ پروفیسر، کوچیس اور مختلف تدریسی وغیر تدریسی عملہ کے اراکین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

15/10 M

منصف 15 OCT 2023

# اردو یونیورسٹی کے بی ایڈ اور پالی ٹیکنیک کالجس میں برسرِ موقع داخلے

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے کالج آف ٹیچر ایجوکیشن اورنگ آباد، بیدر، بھوپال، نوح، سنبھل اور سری نگر میں بی ایڈ اور پالی ٹیکنیک بنگلور، کڑپہ اور کٹک میں ڈپلوما انجینئرنگ کی مخلوعہ نشستوں پر 16/ اکتوبر کو صبح 10 بجے برسر موقع داخلے دیئے جارہے ہیں۔ ایسے طلبہ جنہوں نے مانو کے انٹرنس ٹسٹ 24-2023 میں کامیابی حاصل کی لیکن ان کا نام منتخب امیدواروں کی کسی بھی فہرست میں نہیں آیا وہ اس موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ خواہشمند طلبہ 16/ اکتوبر کو صبح 10 بجے اسناد کی تنقیح کے لیے شخصی طور پر متعلقہ کیمپس میں رپورٹ کریں۔ منتخب امیدواروں کو 19 اور 20/ اکتوبر کو فیس جمع کرنے کا موقع رہے گا۔ مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر لاگ ان کریں۔

15/10

CS Scanned with CamScanner

16 OCT 2023

منصف

## 18 اکتوبر کو اردو یونیورسٹی میں خواتین انجمن کا دھنک بازار

حیدرآباد، 15/ اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی خواتین انجمن اور غیر سرکاری تنظیم صفا کے زیر اہتمام چہارشنبہ 18/ اکتوبر 2023 کو اسکول برائے سماجی علوم، مانو کے روبرو سبزہ زار پر دھنک بازار، ایگزیبیشن کم سیل کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر ایم ونجا، جنرل سکریٹری کے بموجب صبح 10 بجے پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر دھنک بازار کا افتتاح انجام دیں گے۔ انجمن کی صدر محترمہ عرشیہ حسن اور جناب امام حسین، ڈائرکٹر آف آپریشنس صفا، مہمانانِ اعزازی موجود ہوں گے۔ دھنک بازار میں متنوع' باصلاحیت وصنعت کار خواتین کے تیار کردہ مختلف، منفرد و علاقائی اشیاء خریداری کے لیے دستیاب ہوں گی۔ اس کے ذریعہ خواتین صنعت کاروں کو معاشی طور خود مختاری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

رہنمائے دکن

## اردو یونیورسٹی میں خواتین انجمن کا دھنک بازار

حیدرآباد 15/ اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی خواتین انجمن اور غیر سرکاری تنظیم صفا کے زیر اہتمام 18/ اکتوبر 2023 کو اسکول برائے سماجی علوم، مانو کے روبرو سبزہ زار پر دھنک بازار، ایگزیبیشن کم سیل کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر ایم ونجا، جنرل سکریٹری کے بموجب صبح 10 بجے پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر دھنک بازار کا افتتاح انجام دیں گے۔ انجمن کی صدر محترمہ عرشیہ حسن اور جناب امام حسین، ڈائرکٹر آف آپریشنس صفا مہمانانِ اعزازی موجود ہوں گے۔ دھنک بازار میں متنوع باصلاحیت وصنعت کار خواتین کے تیار کردہ مختلف، منفرد و علاقائی اشیاء خریداری کے لیے دستیاب ہوں گی۔ اس کے ذریعہ خواتین صنعت کاروں کو معاشی طور خود مختاری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

اعتماد

## اردو یونیورسٹی میں خواتین انجمن کا دھنک بازار

حیدرآباد 15/ اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی خواتین انجمن اور غیر سرکاری تنظیم صفا کے زیر اہتمام 18/ اکتوبر 2023 کو اسکول برائے سماجی علوم، مانو کے روبرو سبزہ زار پر دھنک بازار، ایگزیبیشن کم سیل کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر ایم ونجا، جنرل سکریٹری کے بموجب صبح 10 بجے پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر دھنک بازار کا افتتاح انجام دیں گے۔ انجمن کی صدر محترمہ عرشیہ حسن اور جناب امام حسین، ڈائرکٹر آف آپریشنس صفا مہمانانِ اعزازی موجود ہوں گے۔ دھنک بازار میں متنوع باصلاحیت وصنعت کار خواتین کے تیار کردہ مختلف، منفرد و علاقائی اشیاء خریداری کے لیے دستیاب ہوں گی۔

راشٹریہ سہارا

## اردو یونیورسٹی میں خواتین انجمن کا دھنک بازار

حیدرآباد۔15/ اکتوبر (راست) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی خواتین انجمن اور غیر سرکاری تنظیم صفا کے زیر اہتمام 18/ اکتوبر کو اسکول برائے سماجی علوم، مانو کے روبرو سبزہ زار پر دھنک بازار، ایگزیبیشن کم سیل کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر ایم ونجا، جنرل سکریٹری کے بموجب صبح 10 بجے پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر دھنک بازار کا افتتاح انجام دیں گے۔ انجمن کی صدر عرشیہ حسن اور امام حسین، ڈائرکٹر آف آپریشنس صفا مہمانانِ اعزازی موجود ہوں گے۔ دھنک بازار میں متنوع باصلاحیت وصنعت کار خواتین کے تیار کردہ مختلف، منفرد و علاقائی اشیاء خریداری کیلئے دستیاب ہوں گی۔ اس کے ذریعہ خواتین صنعت کاروں کو معاشی طور خود مختاری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

Telangana Today

## Dhanak Bazar at MANUU

CITY BUREAU
Hyderabad

Maulana Azad National Urdu University Ladies Association, and SAFA, a NGO, is organising Dhanak Bazar - an exhibition-cum-sale on the university campus on Wednesday from 10 am to 9 pm. MANUU V-C Prof Syed Ainul Hasan will inaugurate the exhibition, which is open to all.

The exhibition-cum-sale will bring together a diverse array of women entrepreneurs from across the region, offering an opportunity to showcase and sell their unique products. It provides a platform for women entrepreneurs, enabling them to connect with a broader audience, develop networks, and achieve economic empowerment.

SAKSHI

క్లుప్తంగా

## 18న 'మనూ'లో ఎగ్జిబిషన్-కమ్-సేల్

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో ధనక్ బజార్-ఎగ్జిబిషన్-కమ్ సేల్ ను ఈనెల 18వ తేదీన నిర్వహించేందుకు ఏర్పాట్లు చేసినట్లు 'మనూ' లేడీస్ అసోసియేషన్ ప్రధాన కార్యదర్శి ప్రొఫెసర్ ఎం వనజ ఆదివారం తెలిపారు. ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం లేడీస్ అసోసియేసన్, ది సఫా ఎన్‌జీఓ సంస్థ ఆధ్వర్యంలో 18న ఉదయం 10 గంటల నుంచి రాత్రి 9 గంటల వరకు ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం క్యాంపస్‌లో అందరికీ అందుబాటులో ఉండేలా నిర్వహిస్తామని వివరించారు. ఈ ఎగ్జిబిషన్‌ను యూనివర్శిటీ వైస్‌చాన్సలర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ చేతుల మీదుగా ప్రారంభిస్తారని పేర్కొన్నారు.

Scanned with CamScanner

THE TIMES OF INDIA, HYDERABAD
MONDAY, OCTOBER 16, 2023

# Scholars compile glossary of political science in Urdu

## MANUU Helped In Creation Of About 4k Terms

Donita.Jose@timesgroup.com

**Hyderabad:** Seated around a table, discussing and debating every word, a group of ten scholars and academics from around the country have now taken up the project to create the first-of-its-kind multilingual glossary for political science terms in Urdu language.

The workshop, held at the Maulana Azad National Urdu University last week, helped come up with a glossary of nearly 3900 political science terms or concepts in Urdu so that these technical words do not get lost in translation.

"Our team spent nearly thirty minutes, for instance, on the term 'fourth world'," said MANUU assistant professor Mohammed Ghouse. To translate or define such a concept which gained popularity in the 21st century, in the language Urdu, is a challenge as they have to do so in as few words as possible. The panel is yet arrive on a consensus on the meaning of the term.

According to MANUU assistant professor and coordinator of the five-day workshop Md Khurshid Alam, the entire attempt to standardise the Urdu glossary for the subject will help in formalising the usages, both at the level of academics, at the level of competitive exams like UPSC & NTA and at the level of legal usage.

"This project of Commission for Scientific and Technical Terminology (CSTT) of preparing glossary in each subject initially starts with English-Hindi and simultaneously is developed in every regional language in India. The idea of preparation of technical and scientific terms in regional languages of India is to standardise these terms all over India with the same meaning as NEP2020 also pushes for teaching in regional languages. Till date we have created glossaries with over 50,000 technical terms ," said CSTT assistant director Shahzad Ahmad Ansari.

When **TOI** attended one session of the workshop at MANUU, the professors explained how they even retained some words like 'Agenda' and 'High Commissioner' which have become a common word in parlance. Other concepts like 'geopolitics', 'genocide', 'inclusion' have been defined in urdu as, '*Geographiyai siasat*', '*Nasal Kushi*', '*Shamooliyat*' respectively.

"The attempt is to make sure that it is not just a literal translation, but a definition which can explain the concept as well. We don't want it to get lost in translation but also want to carry the cultural nuances. So, when we say Guillotine, the direct translation would be the machine used in beheading, but in political science, it is to cut short the discussion in parliament during the budget," explained Professor Afroz Alam, HOD of political science department at MANUU. The glossary term in Urdu now reads: '*Behas ko munkata karke budget pass karne ke liye voting karana*'.

Other academics and linguists involved were Professor Imteyaz Hasnain, Professor MJ Warsi, Professor Syed Najiullah, Ishteyak Ahmad, Sabana Farheen, Mohammed Ghous, Sana Jabeen from institutes like Jamia Milia and Aligarh Muslim University.



## NO LOSS IN TRANSLATION

- MANUU workshop compiled 3,900 political science terms in Urdu
- This is to ensure those words do not get lost in translation
- It is not literal translation, but definition of concept as well
- Glossary to help at level of academics & competitive exams

**SOME OF THE WORDS FROM GLOSSARY**

**Act of aggression** | Jarehana amal

**Annulment** | Mansookh kardena

**Air sovereignty** | Fizaye iqtedare ala

**Global strategy** | Aalami hekmat amli

**Alliance** | Itehad/ Moahida

**Hegemony** | Galba

**Host country** | Mezban mulk

**Hypothesis** | Mafrooza

**Hung parliament** | Mohallaq parliament

# اردو یونیورسٹی میں خواتین انجمن کا دھنک بازار

حیدرآباد۔15/اکتوبر (پریس نوٹ): مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی خواتین انجمن اور غیر سرکاری تنظیم صفا کے زیر اہتمام 18 اکتوبر 2023 کو اسکول برائے سماجی علوم، مانو کے روبرو سبزہ زار پر دھنک بازار، ایگزبیشن کم سیل کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر ایم ونجا، جنرل سکریٹری کے بموجب صبح 10 بجے پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر دھنک بازار کا افتتاح انجام دیں گے۔ انجمن کی صدر محترمہ عرشیہ حسن اور جناب امام حسین، ڈائرکٹر آف آپریشنس صفاء مہمانانِ اعزازی موجود ہوں گے۔ دھنک بازار میں متنوع باصلاحیت وصنعت کار خواتین کے تیار کردہ مختلف، منفرد و علاقائی اشیاء خریداری کے لیے دستیاب ہوں گی۔ اس کے ذریعہ خواتین صنعت کاروں کو معاشی طور خودمختاری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

The Rahnuma

# Dhanak Bazar: An Exhibition-cum-Sale at MANUU



Hyderabad, Oct.15 (NSS): Maulana Azad National Urdu University (MANUU) Ladies Association and The SAFA, NGO is organizing Dhanak Bazar – an Exhibition-cum-Sale on October 18, from 10:00 AM to 9:00 PM at University campus and is open for all.

According to Prof. Vanaja M, General Secretary, Association, Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor will inaugurate the exhibition. Arshia Hasan, President, MANUU Ladies Association and Imam Husain, Director of Operations at SAFA will be the Guest of Honour.

Dhanak Bazar promises to be an enthralling cultural and commercial extravaganza and will bring together a diverse array of talented women entrepreneurs from across the region, offering an opportunity for them to showcase and sell their unique products. It provides a marketing platform for women entrepreneurs, enabling them to connect with a broader audience, develop networks, and achieve economic empowerment. Dhanak Bazar promises to be an enthralling cultural and commercial extravaganza.

Sada e Hussaini,
16-10-2023

# مولانا آزاد میں دھنک بازار کی نمائش اور فروخت

حیدرآباد۔ 15 اکتوبر (سفیر نیوز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، لیڈیز ایسوسی ایشن اور صافہ این جی او نے 18 اکتوبر کو یونیورسٹی کیمپس میں صبح 10:00 بجے سے رات 9:00 بجے تک دھنک بازار-ایک نمائش-کم-سیل کا انعقاد کر رہی ہے اور یہ سب کے لیے کھلا ہے۔ ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری پروفیسر ونجا ایم کے مطابق، پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نمائش کا افتتاح کریں گے۔ عرشیہ حسن، صدر، مانو لیڈیز ایسوسی ایشن اور امام حسین، ڈائریکٹر آپریشنز صفا مہمان خصوصی ہوں گے۔ دھنک بازار ایک دلکش ثقافتی اور تجارتی اسراف کا وعدہ کرتا ہے اور پورے خطے سے باصلاحیت خواتین کاروباریوں کی ایک متنوع صف کو اکٹھا کرے گا، جو انہیں اپنی منفرد مصنوعات کی نمائش اور فروخت کا موقع فراہم کرے گا۔ یہ خواتین کاروباریوں کے لیے ایک مارکیٹنگ پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے، جس سے وہ وسیع تر سامعین کے ساتھ جڑنے، نیٹ ورکس تیار کرنے اور معاشی بااختیار بنانے کے قابل بناتی ہے۔ دھنک بازار ایک دلکش ثقافتی اور تجارتی اسراف ہونے کا وعدہ کرتا ہے۔

# Dhanak Bazar: An Exhibition-cum-Sale at MANUU

By Voiceup Media  Oct 16, 2023



Hyderabad: Maulana Azad National Urdu University (MANUU) Ladies Association and The SAFA, NGO is organizing Dhanak Bazar – an Exhibition-cum-Sale on October 18, 2023, from 10:00 AM to 9:00 PM at University campus and is open for all.

According to Prof. Vanaja M, General Secretary, Association, Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor will inaugurate the exhibition. Mrs. Arshia Hasan, President, MANUU Ladies Association and Mr. Imam Husain, Director of Operations at SAFA will be the Guest of Honour.

Dhanak Bazar promises to be an enthralling cultural and commercial extravaganza and will bring together a diverse array of talented women entrepreneurs from across the region, offering an opportunity for them to showcase and sell their unique products.

It provides a marketing platform for women entrepreneurs, enabling them to connect with a broader audience, develop networks, and achieve economic empowerment. Dhanak Bazar promises to be an enthralling cultural and commercial extravaganza.